NSW GOVERNMENT | Education Public Schools

Nitbusters ڈے کے بعد مزید کارروائی کیلئے خط

Nitbusters Day follow up letter

بچے کا نام ______________ کلاس/گروپ ______________

Child's name ______________ Class/Group ______________

محترم والد/والدہ/سرپرست

سر میں جوؤں کا پتہ چلانے کیلئے آپ کے بچے کا معائنہ کیا گیا تھا۔ سکریننگ کے نتائج نیچے دکھائے گئے ہیں۔

☐ سر میں جوئیں نہیں پائی گئیں۔
No head lice were found.

☐ لیکھیں (انڈے) پائی گئیں۔
Nits (eggs) were found.

☐ سر میں جوئیں اور لیکھیں (انڈے) پائی گئیں۔
Head lice and nits (eggs) were found.

اگر آپ کے بچے کے سر میں جوئیں یا لیکھیں ہیں تو Nitbusters کا مشورہ ہے کہ آپ اپنے بچے کا علاج کریں اور ہر دوسرے روز لیکھوں یا جوؤں کا پتہ چلانے کیلئے سر چیک کریں۔ علاج کے مختلف طریقوں کی وضاحت لف ہذا معلوماتی پرچے میں موجود ہے۔

Nitbusters پروگرام کی جانب سے ہم Nitbusters ڈے میں اپنے بچے کو شرکت کی اجازت دینے پر آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ ہمارے سکول میں اب ایک تربیت یافتہ Nitbusters ٹیم موجود ہے۔ اگر ضرورت ہوئی تو ہماری تربیت یافتہ ٹیم سکول میں مزید Nitbusters دنوں کا اہتمام کرے گی۔ اگر آپ اس پروگرام کے بارے میں کوئی سوال پوچھنا چاہیں یا اگر آپ اگلے Nitbusters ڈے پر رضاکارانہ مدد کر نا چاہیں تو براہ مہربانی پرنسپل سے رابطہ کریں۔

اگر آپ کو پرنسپل سے رابطہ کرنے کیلئے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی مدد کی ضرورت ہے تو 131 450 پر ٹیلیفون انٹرپریٹنگ سروس کو فون کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپریٹر لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

ان معلومات کی بنیاد NSW ہیلتھ Nitbusters ویب سائیٹ پر دستیاب معلومات پر ہے۔

URDU